# 12689 ـ عورت كےطہر كےبعد روزے كى حالت ميں زرد رنگ كے مادے كے اخراج كا حكم

**سوال**

ايک عورت نےرمضان ميں حيض وغيره سے طلوع فجر سے قبل غسل كركے پاک ہوكر اس دن كا روزه ركھ ليا اورجب ظہر كى نماز پڑھنے لگى تواس نے زرد رنگ كا پانى اخراج ہوتے ديكھا توكيا اس كا روزه صحيح ہوگا ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

جب طلوع فجر سے قبل حيض وغيره ختم ہوجائے اورطہر شروع ہوجائے اورعورت روزه ركھے تو اس كا يہ روزه صحيح ہوگا ، اورطہر كے بعد اس زرد رنگ كے پانى كا كوئي اثر نہيں ہوگا كيونكہ ام عطيہ رضي الله تعالى عنہا كہتى ہيں كہ :

ہم طہركے بعد زرد اورمٹيالے رنگ كے پانى كو كچھ بھى شمار نہيں كرتى تھيں ۔ صحيح بخارى ( 1 / 84 ) سنن ابوداود حديث نمبر ( 307 ) يہ الفاظ ابوداود كے ہيں ۔

الله سبحانہ وتعالى ہى توفيق بخشنے والا ہے ، الله تعالى ہمارے نبى محمد صلى الله عليہ وسلم اوران كى آل اوران كے صحابہ كرام رضي الله تعالى عنہ پراپنى رحمتوں كا نزول فرمائے ۔ .